سوال

(551) معلق طلاق

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: مجھ پر طلاق دینا لازم ہے، یعنی جب میں فلاں عورت کو تیرے پاس دیکھوں گا تو تجھے طلاق ہوگی، پھر وہ عورت آئی مگر اس آدمی نے اس کو نہیں دیکھا یا وہ تینوں ایسی جگہ پر اکھٹے ہوئے جو جگہ قسم میں داخل نہیں ہے تو کیا اس شخص کی قسم ٹوٹ ہو جائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب وہ عورت آئی اور اس شخص نے اس کو نہیں دیکھا یا وہ اس کے ساتھ اس کے گھر کے علاوہ کہیں ملی تو یہ حانث نہ ہوگا جب تک وہ اس کو اس کے گھر میں نہ ملے یا جب قسم کا سبب ایسا ہو جو اس کا تقاضا کرتا ہے۔ (ابن تیمیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 498

محدث فتویٰ